22/05/2025

07.4O PM

آداب

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئیے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

*.......وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان میں 26ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف ۔

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں رمیش اروره کے ہندی شعری مجموعے کی رسم رونمائی دی انجام ۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے خالی پڑی اسامیوں کو تیز تر بنیادوں پر پُر کرنے کے عمل مینحائل رکاوٹوں کو دور کرنے پر دیا زور۔

اور

*.......گرمی کی شدت میں اضافہ // تعلیمی اداروں کے اوقات کار تبدیل۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان میں آج26ہزار کروڑ روپے کے 25اہم پروجیکٹونکو قوم کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے امر ت بھارت اسٹیشن کے تحت ایک سو تین امرت اسٹیشنوں کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے کہاکہ جدید خطوط پر تیار کئے گئے ریلوے اسٹیشنوں کو امرت بھارت اسٹیشنز کا نام دیا گیا ہے ۔

**وزیر اعظم**

وزیر اعظم نریند رمودی نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان میں دہشت گردوں کی کمین گاہوں کو تباہ کرکے اسے ایک موثر جواب دیا ہے ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے آج بیکانیر راجستھان میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

**جیسوال**

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان معاملات صرف دو طرفہ ہیں۔ آج ایک میڈیا بریفنگ میں انہوں نے کہاکہ دہشت گردی اور بات چیت ایک ساتھ نہیں چل سکتی ۔ انہوں نے کہا کہ دو طرفہ بات چیت صرف پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر پر سے غیر قانونی قبضہ ہٹانے سے متعلق ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سندھ طاس آبی معاہدہ تب تک التواءمیں جب تک نہ پاکستان سرحدپار کی دہشت گردی کی اعانت کرنا بند نہ کرے۔مختلف وفود کے غیر ملکی دوروں کے کے بارے میں انہوں نے کہا ۔

**درخشاں اندرابی**

ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی ترنگا ریلیوں کاانعقاد جاری ہے ۔ اسی سلسلے کے تحت BJP لیڈر ڈاکٹر سیددرخشان آج سرینگرمیں جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن اور سینئر اندرابی کی قیادت میں جھیل ڈل میں ترنگا شکارا ریلی نکالی گئی۔اس موقعے پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈاکٹر درخشان اندرابی نے کہا ۔

**BJP**

ادھر آج سینئر BJP لیڈر انجینئر اعجاز حسین کی قیادت میں پانتھ چوک سے گھنٹہ گھر لالچوک ایک بڑی ترنگا بائیک ریلی کا انعقاد کیا گیاجس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

اقلیتی مورچہ جموں کشمیر کے صدر رنجوت سنگھ نلوا کی قیادت میں اچھ بل اننت ناگ میں BJP آج ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا ۔

**پرم ویر**

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ سکینڈ لیفٹنٹ ارون کیتھر پال کو یادکررہے ہیں۔پیش ہے ہمارے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

----Byte-----

**آپریشن سندور**

آپریشن سندور کے بارے میںآج جموں کے ایک شہری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

----Byte----

**ایل جی کتاب**

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے آج راج بھون جموں میں آنجہانی رمیش اُرورہ کے ہندی شعری مجموعے کی رسم رونمائی انجام دی ۔ لیفٹنٹ گورنر نے ادبی دنیا میں سابق BJPاورMLC لیڈر رمیش اُرورہ کے رول کو اجا گر کیا۔ اس موقعے پر راج بھون میں رمیش اُرورہ کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔

**عمر عبداللہ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ تمام علاقوں کے جائز مسائل اور ترقیاتی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے گا ۔سرینگر میں آج متعدد ارکان قانون سازیہ کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے اور ان کی راحت رسانی میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے ۔ میٹنگ میں ان اسمبلی ممبران نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل اجا گر کئے اور وزیر اعلیٰ کی مداخلت طلب کی ۔

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے خالی پڑی اسامیوں کوتیز تر بنیادوں پر پُرکرنے کے عمل میں حائل کے کام کاج کا JKSSB تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت تمام محکموں میں خالی پڑی اسامیوں کو شفاف ، منصفانہ اور معیاد بند مدت کے اندر مکمل کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**گرمی**

جموں کشمیر کے مختلف حصوں میں گرمی کی شدت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے ۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈیپارٹمنٹ آف انٹر نل میڈیسن کے ایسوسیٹ پروفیسر ڈاکٹر عرفان علی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں کہا۔

دریں اثنا وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ ہیٹ ویو کے چلتے اسکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی لائی جا رہی ہے ۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

**اوقات کار**

دریں اثنا محکمہ تعلیم کشمیر کی طرف سے جاری حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ 26مئی سے شہر سرینگر کے میونسپل حدود میں آنے والے تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح ساڑھے 8بجے سے دوپہرا ڈھائی بجے تک ہوں گے جبکہ سرینگر ضلع میں میونسپل حدود سے باہر اور وادی کے دیگر علاقوں کے اسکولوں میں اوقات کار صبح 9بجے سے سہ پہر تین بجے تک ہوں گے۔

**دن**

آج حیاتیاتی تنوع کا بین الاقوامی دن ہے ۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں سکاسٹ کشمیر میں چیف سائنٹسٹ اور ڈائریکٹر ایکسٹینشن ڈاکٹر ریحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**رانا**

کونسل کی جانب Diversity اس دن کی مناسبت سے آج ٹائیگور ہال سرینگرمیں جے اینڈ کے بائیو سے ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید رانا نے اس موقعے پر لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ماحولیاتی توازن کو بر قرا ر رکھنے نیز آلودگی کو کم کرنے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں ۔

**جھڑپ**

فوج کے وائٹ نائٹ کور کی طرف سے جاری ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں کہا گیا ہے کہ چھاترو کشتواڑ مینحفاظتی عملے اور ملی ٹینٹوں کے درمیان جاری تصادم میں ایک فوجی جوان بری طرح زخمی ہوا جو بعد میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا ۔ آپریشن ابھی جاری ہے۔

**فاروق عبداللہ**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر کے لوگوں نے پچھلے چند برسوں کے دوران بقول ان کے کافی مشکلات اور مصائب جھیلے ہیں، لہذا ہر سطح پر انہیں راحت پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں ہمدردی اور انصاف کی مشعل کو فروزاں رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔

**میر**

کے جنرل سیکریٹری غلام احمد میر نے آج وزیر AICC کانگریس لیجسلیچر پارٹی کے لیڈر اور اعلیٰ عمر عبداللہ کیساتھ ملاقات کی اور کلیدی نوعیت کے متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

**این سی سی**

ٹریننگ اکیڈمی نگروٹہ میں کیڈٹوں کی مجموعی نشو و نما کو یقینی بنانے کیلئے ایک ماہر NCC گُرپریت بیولی نے کیڈٹوں کے طرز زندگی اور کھان پان کے طور Mentor سماجیات اور نامور طریقوں کو بہتر بنانے سے متعلق ایک تفصیلی لیکچر دیا ۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26اعشاریہ5ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 24 اور غروب آفتاب شام7بجکر31منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

...............................................

.........................

...........

...